SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

January 21, 2026

SECP Permits AMCs to Open Sehl Sarmayakari Accounts via Their Own Platforms

Islamabad, January 21, 2026 – The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), as part of its ongoing efforts to enhance financial inclusion and ease of doing business, has now authorized Asset Management Companies (AMCs) to open *Sehl Sarmayakari Accounts* (Sehl Accounts) directly for resident Pakistani individual customers. These low-risk accounts can be opened through the AMCs' own digital platforms and/or physical forms under a simplified due diligence regime. Previously, the said accounts were only opened through Branchless Banking (BB) agents, Electronic Money Institutions (EMIs), or scheduled banks.

Under this enhanced facilitation, AMCs will collect the necessary customer information, perform the required verifications, and ensure compliance with the prescribed investment and transaction limits for Sehl Accounts. Upon completing additional information and documentation requirements, a Sehl Account may subsequently be upgraded to a *Sahulat Sarmayakari* or *Sarmayakari Account*, allowing for investments beyond the prescribed limits for Sehl Account.

This measure will enable AMCs to onboard low-risk customers using simplified Know Your Customer (KYC) measures, thereby promoting micro-savings and broadening financial inclusion in the country. The Sehl Account is designed to attract low-income segments by offering a simplified and time-efficient onboarding process, while enabling these customers to invest their savings in various low-risk Collective Investment Schemes (mutual funds).

The SECP remains committed to facilitating capital market development and growth through progressive regulatory reforms, enhanced investor access, and strengthened financial inclusion, all while ensuring robust investor protection and market integrity.

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

ایس ای سی پی نے ایسٹ مینجمنٹ کمپنیوں (اے ایم سی) کو اپنی پلیٹ فارمز کے ذریعے سہل سرمایہ کاری اکاؤنٹس کھولنے کی اجازت دے دی

اسلام آباد، 21 جنوری 2026 — سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے مالی شمولیت کے فروغ اور کاروبار میں آسانی کے لیے جاری اقدامات کے تحت ایسٹ مینجمنٹ کمپنیوں (اے ایم سی)کو یہ اختیار دے دیا ہے کہ وہ پاکستانی رہائشی انفرادی صارفین کے لیے سہل سرمایہ کاری اکاؤنٹس براہِ راست کھول سکیں۔ یہ لو رسک والے اکاؤنٹس ایسٹ مینجمنٹ کمپنیاں (اے ایم سی)اپنی ڈیجیٹل پلیٹ فارمز اور/یا درخواست فارم کے ذریعے ایک سادہ جانچ پڑتال کے نظام کے تحت کھول سکیں گی۔ اس سے قبل یہ اکاؤنٹس صرف برانچ لیس بینکنگ ایجنٹس، الیکٹرانک منی انسٹیٹیوٹ یا مقررہ بینکوں کے ذریعے کھولے جاتے تھے۔

اس توسیعی سہولت کے تحت، ایسٹ مینجمنٹ کمپنیاں (اے ایم سی) صارفین سے مطلوبہ معلومات حاصل کر کے ضروری تصدیقی عمل مکمل کریں گی اور سہل سرمایہ کاری اکاؤنٹس کے لیے مقررہ سرمایہ کاری اور لین دین کی حدود پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں گی۔ اضافی معلومات اور دستاویزات کی تکمیل کے بعد، سہل سرمایہ کاری اکاؤنٹ کو سہولت سرمایہ کاری اکاؤنٹ یا سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں تبدیل کیا جا سکے گا، جس کے بعد صارفین سہل اکاؤنٹ کی مقررہ حدود سے زیادہ سرمایہ کاری کر سکیں گے۔

یہ اقدام ایسٹ مینجمنٹ کمپنیوں (اے ایم سی) کو سادہ کے وائی سی طریقہ کار کے تحت لو رسک والے صارفین کو شامل کرنے میں مدد دے گا، جس سے مائیکرو سیونگ کو فروغ ملے گا اور ملک میں مالی شمولیت میں اضافہ ہوگا۔ سہل سرمایہ کاری اکاؤنٹ کم آمدنی والے طبقات کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیا گیا ہے، جو ایک آسان اور وقت کی بچت کرنے والا آن بورڈنگ عمل فراہم کرتا ہے اور صارفین کولو رسک والی مختلف مجموعی سرمایہ کاری اسکیموں میں اپنی بچت سرمایہ کاری کرنے کا موقع دیتا ہے۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان سرمایہ مارکیٹ کی ترقی اور فروغ کے لیے اصلاحات پر مبنی ضابطہ جاتی اقدامات، سرمایہ کاروں کی رسائی میں بہتری اور مالی شمولیت کے فروغ کے لیے پُرعزم ہے، جبکہ سرمایہ کاروں کے تحفظ اور مارکیٹ کی شفافیت اور دیانت داری کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے۔